**14.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........آسیہ میمونہ

**Music**

--------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ پونگل جیسے تہوار ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے جذبے کو مضبوط کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ تمل ثقافت پورے ملک اور انسانیت کیلئے ایک مشترکہ وراثت ہے۔

☆ بھارت نے مغربی ایشیا کے ملک میں تیزی سے بدلتی ہوئی سکیورٹی صورتحال اور جاری بدامنی کے تناظر میں اپنے شہریوں سے فوراً ایران سے چلے جانے کو کہا ہے۔

☆ حکومت نے غیرقانونی قبضے اور کانکنی کے خلاف اراولی کے تحفظ کو مستحکم کرنے کے اپنے اقدامات کو اجاگر کیا ہے۔

☆ کلکتہ ہائیکورٹ نے I-PAC چھاپے ماری پر انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے خلاف ترنمول کانگریس کی درخواست پر فیصلہ سنایا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے سکما ضلع میں 29ماؤنوازوں نے خودسپردگی کردی ہے۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں راجکوٹ میں دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو 7وکٹ سے ہرا دیا۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Pongal**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج اس بات پر زور دیا کہ پونگل جیسے فصلوں کی کٹائی کے تہوار ''ایک بھارت، شریشٹھ بھارت'' کے جذبے کو مضبوط کرتے ہیں۔ جناب مودی آج نئی دلّی میں اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیرِ مملکت ڈاکٹر ایل مروگن کی رہائش گاہ پر منعقدہ پونگل کی تقریب میں شرکت کرنے کے بعد اظہارِ خیال کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ تمل ثقافت، پورا ملک ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کیلئے مشترکہ ورثہ ہے۔

**SB-2100-PM Modi -Ek Bharat Sharesht Bhartat**

وزیرِ اعظم مودی نے آئندہ نسلوں کیلئے مٹی کی زرخیزی برقرار رکھنے، پانی کے تحفظ اور وسائل کے دانشمندانہ استعمال کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مشن لائف، ایک پیڑ ماں کے نام اور امرت سرووَر جیسے اقدامات

اسی جذبے کو فروغ دیتے ہیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ کسان، ملک کی تعمیر میں ایک اہم شراکت دار ہیں اور ان کی کوششیں خود کفیل بھارت کی مہم کو بڑی قوت فراہم کررہی ہیں۔ کسانوں کی خدمات کی ستائش کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ تمل ثقافت میں کسانوں کو، زندگی کی بنیاد تصور کیا جاتا ہے۔x

## Festivals

آج ملک بھر میں مکرسنکرانتی، پونگل، بیہو اور اُترّاین تہوار منائے جارہے ہیں، جو فصل کی کٹائی کے موقع پر منائے جاتے ہیں۔ ملک کے مختلف خطوں میں الگ الگ ناموں اور رسم ورواج کے ساتھ منائے جانے والے یہ تہوار موسم کی تبدیلی، سورج کے شمال کی جانب بڑھنے اور مہینوں کی سخت محنت کے بعد فصل کے پکنے سے منسوب ہیں۔تمل ناڈو اور پدوچیری میں پورے جوش وخروش کے ساتھ پونگل منایا جارہا ہے۔ مکرسنکرانتی کے موقع پر دریائے گنگا اور جمنا میں لوگوں نے پَوِتر ڈبکی لگائی۔ اترپردیش میں ہزاروں عقیدتمند اِس موقع پر پوِتر ڈُبکی لگانے کیلئے جمع ہوئے۔ آسام میں ماگھ بیہو روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ گجرات اور ملک کے مغربی حصے میں اُترّاین پتنگوں کا تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔یہ تہوار ہماری مشترکہ ثقافت اور فطرت کے تئیں اظہارِ تشکر کی عکاسی کرتے ہیں۔صدر جمہوریہ، نائب صدر اور وزیر اعظم نے اِن تہواروں کے موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔x

## PM Amrit Bharat

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نئی امرت بھارت ریل گاڑیاں مسافروں کیلئے سفر کو آرم دہ بنانے اور کنکٹی ویٹی کو بہتر کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہیں۔ 9 نئی امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کئے جانے سے متعلق ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کی سوشل میڈیا پوسٹ کو شیئر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اِن سے دیگر فوائد کے علاوہ تجارت اور سیاحت کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ کل ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے اعلان کیا تھا کہ جلد ہی 9 نئی امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کا جھنڈی دکھا کر آغاز کیا جائے گا۔ سوشل میڈیا پر سلسلے وار پوسٹ میں جناب ویشنو نے اِن ریل گاڑیوں کے روٹس بھی شیئر کئے۔x

## Rev MEA Iran Advisory

بھارت نے مغربی ایشیائی ملک ایران میں بڑھتے ہوئے مظاہروں اور تیزی سے بدلتے ہوئے سکیورٹی حالات کے پیشِ نظر اپنے تمام شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کمرشیل پروازوں سمیت تمام دستیاب نقل وحمل کے ذرائع کے ذریعے ایران چھوڑ دیں۔ یہ ایڈوائزری، ایران میں موجود طلباء، زائرین، کاروباری افراد، سیاحوں اور دیگر تمام بھارتی شہریوں پر لاگو ہوتی ہے۔وزارتِ خارجہ نے ایک تازہ ایڈوائزری میں کہا ہے کہ ایران کے موجودہ حالات کے پیشِ نظر بھارتی شہریوں کو اگلے نوٹس تک اسلامی جمہوریہ ایران کا سفر کرنے سے ایک بار پھر سختی سے منع کیا جاتا ہے۔اس ماہ کی 5 تاریخ کو جاری کردہ ایک ایڈوائزری میں وزارتِ خارجہ نے اپنے شہریوں سے ایران کے غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی اپیل کی تھی۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

VC - Anupam Mishra

وزارتِ خارجہ نے اپنی ایڈوائزری میں بھارتی شہریوں اور ایران میں مقیم بھارت نژاد افراد PIOs کو احتیاط برتنے اور احتجاج والے علاقوں میں جانے سے گریز کرنے کی ہدایت دی تھی۔ وزارتِ خارجہ نے یہ بھی کہا تھا کہ ایران میں رہائشی ویزا پر مقیم بھارتی شہریوں نے اگر اب تک اپنا رجسٹریشن نہیں کرایا ہے تو وہ بھارتی سفارتخانے میں لازمی طور پر اپنا اندراج کرالیں۔ تہران میں واقع بھارتی سفارتخانے کے ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبرز اس طرح ہیں: پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک ایک پانچ، پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر نو،پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر دو،پلس نو آٹھ نو، نو تین دو، ایک سات نو، تین پانچ نو سفارت خانے سے ای میل cons.tehran@mea.gov.in کے ذریعے بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ایران میں بہت سے طلباء سمیت تقریباً 10ہزار بھارتی شہری ہیں۔ ملک کے مختلف علاقوں سے ہزاروں شیعہ زائرین بھی ہر سال ایران جاتے ہیں۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار

## Misri China Meeting

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے آج نئی دلّی میں چین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی امور کے محکمے کی نائب وزیر محترمہ Sun Haiyan سے ملاقات کی۔ ایک بیان میں، وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات کو وسعت دینے اور ان تعلقات کو از سرِ نو تشکیل دینے میں ہونے والی پیشرفت پر تبادلۂ خیال کیا، جس میں کاروباری رشتے اور عوام سے عوام کے رابطے کو ترجیح دی گئی اور نئے سال میں دو طرفہ تعاون کو آگے بڑھانے کے طور طریقوں پر بات چیت کی گئی۔ میٹنگ کے دوران دونوں فریقوں نے اپنے اپنے رہنماؤں کی جانب سے دی گئی اہم ہدایات پر عمل درآمد اور دو طرفہ تعلقات کو معمول پر لانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

خارجہ سکریٹری نے باہمی تعلقات کو معمول پر لانے کیلئے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان باہمی سمجھ بوجھ میں اضافے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے بہتر دو طرفہ تعلقات کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کی خاطر مثبت اقدامات کرنے کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا۔محترمہ Sun Haiyan نے اپنے دورے کے بارے میں خارجہ سکریٹری کو آگاہ کیا، جس میں بھارتی میڈیا، تھنک ٹینکس اور سیاسی پارٹیوں کے ساتھ بات چیت شامل تھی۔ انہوں نے، اس سال بھارت کے BRICS کی صدارت سنبھالنے پر بھارت کو مبارکباد دی اور بھارت میں ایک کامیاب BRICS سربراہ کانفرنس کے انعقاد کیلئے اپنی بھرپور حمایت کا اظہار کیا۔x

## Bhupender Yadav Aravali Conference

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپیندر یادو نے آج اراولی پہاڑی سلسلے کے ماحولیاتی تحفظ کی خاطر حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 97 کلو میٹر اراولی کی ریونیو زمین کو

مستقل محفوظ جنگلات قرار دیا گیا ہے تا کہ تجاوزات اور غیر قانونی کانکنی کو روکا جاسکے۔

نئی دلّی میں اراولی پہاڑی سلسلے کی ماحولیاتی بازآبادکاری سے متعلق ایک قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب بھوپندر یادو نے، وزیرِ اعظم نریندر مودی کے اس مشن کو اجاگر کیا، جس کے تحت ملک بھر میں 2 کروڑ 60لاکھ ہیکٹیئر اراضی کو بازیاب کیا جانا ہے۔وزیر موصوف نے مزید کہا کہ اراولی گرین Wall پروجیکٹ کے تحت 6لاکھ 45ہزار ہیکٹیئر اراضی کی نشاندہی کی گئی ہے، جن میں سے 2لاکھ 70ہزار ہیکٹیئر اراضی کو گجرات، راجستھان، ہریانہ اور دلّی میں بازیاب کیا جارہا ہے۔جناب یادو نے زور دے کر کہا کہ ترقی کو ماحولیات کا بھرپور خیال رکھتے ہوئے آگے بڑھایا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے کیلئے پوری لگن سے کام کررہی ہے۔

**SB - 2045 Bhupendra yadav**

## Rajnath Veterans Day

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ مسلح افواج کے آزمودہ کار سپاہی قومی شعور کے جیتے جاگتے ستون، اجتماعی دلیری کی علامت اور مستقبل کی نسلوں کیلئے باعث ترغیب ہیں۔ نئی دلّی میں مسلح افواج کے سابق فوجیوں کے دن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ آزمودہ کار سپاہیوں نے ملک کی تعمیر کے ہر محاذ پر اہم رول ادا کیا ہے اور وہ ڈسپلن، قیادت اور شجاعت جیسی اپنی خصوصیات کے ساتھ معاشرے کی رہنمائی کرتے ہیں۔وزیر دفاع نے زور دے کر کہا کہ آزمودہ کار فوجیوں کی وردی کا رنگ اور کام کرنے کا مقام تو بدل سکتا ہے، لیکن اُن کے دل میں حب الوطنی اور خدمت کا احساس اُسی طرح برقرار رہے گا۔

**SB - 1415 Rajnath Singh**

جناب سنگھ نے سابق فوجیوں سے کہا کہ وہ اپنے تجربات سے نوجوانوں کی رہنمائی کریں اور اگنی ویروں اور نوجوان فوجی اہلکاروں کو صحیح سمت دکھائیں۔ انھوں نے اُن پر اس بات کیلئے بھی زور دیا کہ وہ ہنگامی صورتحال میں جب ضرورت ہو تو سول انتظامیہ کے ساتھ شانہ بہ شانہ رہیں۔ وزیر دفاع نے تعلیم، ہنرمندی کے فروغ اور قدرتی آفات کے بندوبست کے سلسلے میں آزمودہ کار فوجیوں کی شمولیت کا ذکر کیا جو آئندہ نسلوں پر ایک مثبت اور دیرپا اثر چھوڑ سکتی ہے۔x

## INSV Kaundinya Muscat

بھارتی بحریہ کا جہاز Kaundinya، آئی این ایس وی گجرات کا اپنا پہلا سفر کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے کے بعد آج عمان کے مسقط میں سلطان قابوس بندرگاہ پر پہنچا۔ اندرونِ ملک روایتی طور پر تیار کردہ اِس بحری جہاز نے گذشتہ برس 29دسمبر کو گجرات کے پوربندر سے اپنا پہلا غیرملکی سفر شروع کیا تھا۔ اس بحری جہاز کو بھارت میں عمان کے سفیر اور بحریہ کے سینئر عہدیداروں کی موجودگی میں مغربی بحری کمانڈ کے فلیگ آفیسر کمانڈنگ اِن چیف نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا تھا۔x

**Puri Light Crude Oil**

پٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آج کہا کہ بھارت نے توانائی میں خود کفالت کی جانب ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، جناب پوری نے مطلع کیا کہ انڈین آئل اور بھارت پیٹرو ریسورسز لمیٹڈ کی مشترکہ ملکیت کی کمپنی اُرجا بھارت PTE لمیٹڈ نے ابوظہبی کے آن شور بلاک– 1 میں ہلکے خام تیل کی کامیاب دریافت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دریافت Shilaif Play اور Habshan ذخیرے دونوں میں کی گئی ہے۔جناب پوری نے اس بات پر زور دیا کہ اس طرح کی بین الاقوامی شراکت داریاں، بھارت کی توانائی کی یقینی فراہمی کو مزید مستحکم کریں گی۔ x

**Prez Punjab Rajasthan**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے پنجاب اور راجستھان کے دو روزہ دورے پر رہیں گی۔ صدر جمہوریہ کل امرتسر کی گرونانک دیو یونیورسٹی کے پچاسویں سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔ جمعہ کے روز صدر جمہوریہ جالندھر کے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کی 21ویں تقسیم اسناد تقریب میں شامل ہوں گی۔ اسی روز وہ جے پور میں رامانندمشن کی جانب سے منعقدہ ہنومان مہا یگیہ میں شرکت کریں گی۔x

**DPIIT Startup Curtain Raiser**

وزیرِ اعظم نریندر مودی جمعہ کو نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اسٹارٹ اَپ کے قومی دن 2026 کے موقع پر خطاب کریں گے۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے، صنعت اور داخلی تجارت کے فروغ کے محکمے DPIIT کے سکریٹری امردیپ سنگھ بھاٹیہ نے کہا کہ 2016 میں شروع کئے گئے اسٹارٹ اَپ انڈیا کو 10 سال ہوچکے ہیں اور یہ دن اسٹارٹ اَپ ایکو نظام سے وابستہ ہر شخص کیلئے خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے، DPIIT کے جوائنٹ سکریٹری سنجیو سنگھ نے کہا کہ اِس پروگرام میں ملک بھر کے تین ہزار سے زیادہ اسٹارٹ اَپ شرکت کریں گے۔x

**Calcutta HC**

کلکتہ ہائیکورٹ نے آج ترنمول کانگریس کی اُس درخواست پر فیصلہ سنایا ہے جس میں اُس نے گذشتہ ہفتے کولکتہ میں سیاسی مشاورت سے متعلق کمپنی I-PAC کے سربراہ پرتیک جین کے دفاتر اور رہائش گاہ پر چھاپے کی کارروائی کے دوران انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے مبینہ طور پر ضبط کئے گئے ذاتی سیاسی ڈیٹا کے تحفظ کی درخواست کی تھی۔ ED نے عدالت کو مطلع کیا کہ I-PAC کے احاطے سے کوئی دستاویزات یا ڈیٹا نہیں لے جایا گیا۔ اس جواب کے پیش نظر جسٹس Shubhra Ghosh نے ترنمول کانگریس کی جانب سے داخل درخواست کو مسترد کردیا۔ اس دوران ED نے اسی طرح کے مطالبے کے ساتھ سپریم کورٹ سے بھی رجوع کیا ہے جس میں CBI تحقیقات کی درخواست شامل ہے۔

اس کے پیشِ نظر جسٹس گھوش نے کلکتہ ہائی میں ED کی درخواست کو یہ کہتے ہوئے ملتوی کردیا کہ سپریم کورٹ کے حکم دینے تک سماعت معطل رہے گی۔x

## Chhatisgarh Maoists

چھتیس گڑھ کے سکما ضلع میں 29ماؤنوازوں نے پولیس کے سامنے خودسپردگی کی ہے۔ خودسپردگی کرنے والے ماؤنوازوں میں سے ایک پر دو لاکھ روپئے کا انعام تھا۔ ہتھیار ڈالنے والے ماؤنواز Darbha Division کے ممبر بتائے جاتے ہیں، جو Gogunda پولیس اسٹیشن کے نزدیک فعال تھے۔
سپرنٹنڈنٹ آف پولیس Kiran Chauhan نے کہا کہ یہ سبھی ماؤنواز مختلف نکسلی واقعات میں ملوث تھے۔ خودسپردگی کرنے والے اِن ماؤنوازوں کو ریاستی حکومت کی بازآبادکاری پالیسی کے تحت دیگر سہولیات کے ساتھ 50ہزار روپئے کی رقم بطور مدد فراہم کی جائے گی۔x

## Cricket

مردوں کے کرکٹ میں راجکوٹ میں دوسرے ODI میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو 7وکٹ سے ہرا دیا۔
اس سے قبل بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ پچاس اوورس میں 7وکٹ کے نقصان پر 284رن بنائے۔ بھارت کیلئے کے ایل راہل نے شاندار 112رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔
اس سیریز کا تیسرا اور آخری میچ اِس ماہ کی 18تاریخ کو اِندور میں کھیلا جائے گا۔x

## Badminton India Open

انڈیا اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں، سابق عالمی نمبر ایک کدامبی سری کانت نے مردوں کے سنگلز کے راؤنڈ آف 32میں اپنے ہموطن کھلاڑی Tharun Mannepalli کو ایک سخت مقابلے میں 15-21، 21-06، 21-19سے ہرایا۔ اِیچ ایس پرونائے نے بھی اپنے افتتاحی میچ میں ہانگ کانگ کے کھلاڑی Lee Cheuk Yiu کو شکست دی۔ خواتین کے سنگلز میں سابق عالمی چمپئن پی وی سندھو کو راؤنڈ آف 64کے میچ میں ویتنام کی Thuy Linh Nguyen سے 22-20، 12-21اور 15-21سے ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆